نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان کی زیرصدارت ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں کاشتکاروں کو معیاری زرعی مداخل کی مقررہ نرخوں پر فراہمی کے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد

حکومت پنجاب کاشتکاروں کو معیاری زرعی مداخل کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے زیرو ٹالرینس پالیسی پر عملدرآمد کر رہی ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان

لاہور: 21 مارچ 2023 ( ) ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان کی زیرصدارت ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں معیاری کھادوں وزرعی زہروں کی مقررہ نرخوں پر فراہمی کے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری (ٹاسک فورس) پنجاب نے فیلڈ افسران کو ہدایت کی کہ وہ کاشتکاروں تک بالخصوص دھان اور کپاس کی ممنوعہ اقسام کی مارکیٹ میں دستیابی پر فوری ایکشن لیں تاکہ کاشتکاروں کی دسترس میں محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام کے تصدیق شدہ بیج کی دستیابی کو یقینی بنایا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کو معیاری کھادوں اور فرٹیلائزر کی مقررہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانا پنجاب حکومت کی اولین ترجیح ہے۔اس ضمن میں افسران اپنے علاقوں میں بڑی وچھوٹی مارکیٹوں اور کھاد کے ڈیلرز کی معمول کی چیکنگ کے علاوہ مخبری کی بنیاد پر فوری کاروائی عمل میں لائیں اور کسی قسم کے دباؤ کو خاطر میں نہ لائیں۔اس موقع پر انھوں نے شرکاء کو بتایا کہ فرٹیلائز کنٹرول آرڈیننس میں چند ضروری ترامیم تجویز کی گئی ہیں جسے کابینہ کی منظوری کے بعد صوبہ بھر میں فی الفور لاگو کر دیا جائے گا جس سے مارکیٹ میں غیر معیاری وناقص بیج کے پھیلاؤ کو کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل (پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز) پنجاب رانا فقیر احمد نے اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا کہ موجودہ مالی سال میں ساڑھے پانچ کروڑ سے زائد مالیت کی جعلی زرعی ادویات قبضہ میں لی گئی ہیں اور اس غیر قانونی کاروبار میں ملوث مافیا کیخلاف ایف آئی آرز کا اندراج کروایا گیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ پولیس اور عدلیہ کے اعلیٰ حکام کیساتھ اہم اجلاس میں ان اداروں کیساتھ مشترکہ لائحہ عمل تشکیل دیا گیا ہے جس کے تحت مخبری کی بنیاد پر چھاپوں کے دوران پولیس فوری تعاون اور تفتیشی عمل جلد از جلد مکمل کرنے کی پابند ہوگی۔فیلڈ افسران تمام ڈویژنل ہیڈکوارٹرز کی اسپیشل برانچ کے ایس ایس پی افسران سے قریبی رابطہ رکھیں تاکہ اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قانون کے مطابق فوری سزائیں دلوائی جا سکیں۔پنجاب کے تمام اضلاع میں معیاری کھادوں اور زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والے ڈیلرز حضرات کو مرکزی نیٹ ورک میں لانے کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے گئے ہیں۔انھوں نے کہا کہ کاشتکاروں کے لئے ایک جدید نظام وضع کیا گیا ہے جس کے تحت وہ بذریعہ واٹس ایپ/ ایس ایم ایس نمبر 0300-2955539 کے ذریعے اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں۔اس نمبر کو کھاد اور پیسٹی سائیڈ ڈیلرز، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور محکمہ زراعت کے دفاتر میں نمایاں جگہوں پر آویزاں کیا گیا ہے تاکہ کاشتکار اس نمبر کے ذریعے اپنی شکایات کے ازالہ کیلئے اعلیٰ حکام سے بروقت رابطہ کر سکیں۔کاشتکاروں کی طرف سے رجسٹرڈ شکایات کا 24 گھنٹے میں ازالہ کیا جاتا ہے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب، شبیر احمد خان کے علاوہ چیف سائنٹسٹ، ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد، محمد نواز خان میکن، ڈائریکٹر جنرل، پیسٹ وارننگ، پنجاب رانا فقیر حسین، ڈائریکٹر زراعت (توسیع)، فیصل آباد چوہدری عبدالحمید، ڈپٹی ڈائریکٹر، پیسٹ وارننگ فیصل آباد ریجن، ڈاکٹر عامر رسول، ڈائریکٹر ہیڈکوارٹر پنجاب، لاہور، ڈاکٹر شیر محمد شیراوت، ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے علاوہ فرٹیلائزر و پیسٹی سائیڈ انسپکٹرز نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

☆☆☆☆